نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں آم کے باغات پر سیلاب کے اثرات بارے جائزہ اجلاس

سیلاب سے متاثرہ آم کے باغات کا سروے کیا جائے۔افتخار علی سہو

لاہور:**05** اکتوبر **2025**:سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں آم کے باغات پر سیلاب کے اثرات کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں سیلاب سے متاثرہ آم کے باغات کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ہدایت کی کہ سیلاب سے متاثرہ آم کے باغات کا سروے کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور محکمہ زراعت توسیع کے متعلقہ افسران کو نقصان کے سروے کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت نے مزید ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ سروے کے دوران آم کے متاثرہ پودوں کی صحت بارے ایڈوائزری بھی جاری کی جائے تاکہ باغات کی بحالی ممکن ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیلاب کی وجہ سے کبیر والا، ملتان، جلال پور پیروالا اور علی پور میں آم کے باغات بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔افتخار علی سہو نے کہا کہ پاکستانی آم کی ملکی و غیر ملکی منڈیوں میں بڑی مانگ ہے اور آم کی کوالٹی اور پیداوار میں اضافہ کے لیے ٹھوس عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ 75 کروڑ روپے کی لاگت سے آم کی پیداوار میں اضافہ کے پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔

اجلاس میں سپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ڈائریکٹر جنرلز محکمہ زراعت پنجاب چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر محمد انجم علی سمیت مینگو گروورز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆